پاکستان تحریک پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

دستور کی نیچا دکھانے کی روایت ریاست کے وجود و استحکام کیلئے نہایت تباہ کن ثابت ہوسکتی ہے، عدالتِ عظمٰی کو اس کی بیخ کنی کیلئے فوری اقدام کرنا چاہیئے، کور کمیٹی تحریک انصاف

نگران وزیراعظم کی جانب سے سرکاری وسائل پر دنیا کی سیر نہایت قابلِ مذمت ہے، کور کمیٹی تحریک انصاف

پاکستان کو سنگین معاشی مشکلات اور وسائل کی شدید قلّت کا سامنا ہے، کورکمیٹی تحریک انصاف

نگران حکومت کے ذمّے محض روز مرّہ کے امور سرانجام دینا اور انتخابات کے آزادانہ، منصفانہ اور غیرجانبدارانہ انعقاد میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کی معاونت ہے، کورکمیٹی تحریک انصاف

صاف شفاف انتخابات کے ذریعے ملک کیلئے نہایت تباہ کن سیاسی عدمِ استحکام سے نجات کی بجائے نگران وزیراعظم بیرونی یاترا اور احمقانہ بیان بازی سے صورتحال کی سنگینی بڑھا رہے ہیں، کور کمیٹی تحریک انصاف

اپنے آئینی مینڈیٹ سے تجاوز کرتے ہوئے دنیا گھومنے اور قومی وسائل ضائع کرتے ہوئے نگران وزیراعظم کو بے حسّی کا مظاہرہ کرنے سے اجتناب کرنا چاہیئے، کور کمیٹی تحریک انصاف

قوم کو بتایا جائے نگران وزیراعظم کے سیروتفریح کے شوق پر قومی خزانے سے کتنے اخراجات کیۓ گۓ ہیں

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ